احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

ہفتہ 21 نومبر 2009ء

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
الفضل
ایڈیٹر : عبدالسمیع خان
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ہفتہ 21 نومبر 2009ء 3ذوالحج 1430 ہجری 21 نبوت 1388ہش جلد 59-94 نمبر 264

فقر سے نہ ڈرو

حضرت ابوالدرداءؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم ایک دفعہ اپنی غربت کا ذکر کررہے تھے اور آئندہ کے حالات سے پریشان تھے کہ آنحضرت ﷺ تشریف لائے اور فرمایا تم فقر سے ڈرتے ہو خدا کی قسم دنیا کی نعمتیں اس طرح تم پر انڈیل دی جائیں گی کہ ہر شخص ان کو سنبھالنے کی فکر میں لگ جائے گا۔

﴿سنن ابن ماجہ کتاب المقدمہ باب اتباع سنة رسول اللّٰہ حدیث نمبر 5﴾

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

۳۵۔ پینتیسواں نشان یہ ہے کہ پہلا لڑکا محمود احمد پیدا ہونے کے بعد میرے گھر میں ایک اور لڑکا پیدا ہونے کی خدا نے مجھے بشارت دی اور اس کا اشتہار بھی لوگوں میں شائع کیا گیا چنانچہ دوسرا لڑکا پیدا ہوا اور اس کا نام **بشیر احمد** رکھا گیا۔

۳۶۔ چھتیسواں نشان یہ ہے کہ بشیر احمد کے بعد ایک اور لڑکا پیدا ہونے کی خدا نے مجھے بشارت دی چنانچہ وہ بشارت بھی بذریعہ اشتہار لوگوں میں شائع کی گئی بعد اس کے تیسرا لڑکا پیدا ہوا اور اس کا نام **شریف احمد** رکھا گیا۔

۳۷۔ سینتیسواں نشان یہ ہے کہ بعد اس کے خدا تعالیٰ نے حمل کے ایام میں ایک لڑکی کی بشارت دی اور اس کی نسبت فرمایا............ یعنی زیور میں نشوونما پائے گی یعنی نہ خوردسالی میں فوت ہوگی اور نہ تنگی دیکھے گی۔ چنانچہ بعد اس کے لڑکی پیدا ہوئی جس کا نام مبارکہ بیگم رکھا گیا اور اس کی پیدائش سے جب سات روز گذرے تو عین عقیقہ کے دن یہ خبر آئی کہ پنڈت لیکھرام پیشگوئی کے عین مطابق کسی کے ہاتھ سے مارا گیا تب ایک ہی وقت میں دو نشان پورے ہوئے۔

۳۸۔ اٹھتیسواں نشان یہ ہے کہ لڑکی کے بعد مجھے ایک اور پسر کی بشارت دی گئی چنانچہ وہ بشارت قدیم دستور کے موافق شائع کی گئی اور پھر لڑکا پیدا ہوا اور اس کا نام **مبارک احمد** رکھا گیا۔

۳۹۔ اُنتالیسواں نشان یہ ہے کہ مجھے وحی الٰہی سے بتلایا گیا کہ ایک اور لڑکی پیدا ہوگی مگر وہ فوت ہو جائے گی چنانچہ وہ الہام قبل از وقت بہتوں کو بتلایا گیا بعد اس کے وہ لڑکی پیدا ہوئی اور چند ماہ بعد فوت ہوگئی۔

۴۰۔ چالیسواں نشان یہ ہے کہ اس لڑکی کے بعد ایک اور لڑکی کی بشارت دی گئی جس کے الفاظ یہ تھے کہ دُختِ کرام چنانچہ وہ الہام الحکم اور البدر اخباروں میں اور شاید ان دونوں میں سے ایک میں شائع کیا گیا اور پھر اس کے بعد لڑکی پیدا ہوئی جس کا نام **امة الحفیظ** رکھا گیا اور وہ اب تک زندہ ہے۔

۴۱۔ اکتالیسواں نشان یہ ہے کہ عرصہ بیس[۲۰] یا اکیس[۲۱] برس کا گزرا ہے کہ میں نے ایک اشتہار شائع کیا تھا جس میں لکھا تھا کہ خدا نے مجھ سے وعدہ کیا ہے کہ میں چار لڑکے دوں گا جو عمر پاویں گے اسی پیشگوئی کی طرف **مواہب الرحمٰن** صفحہ ۱۳۹ میں اشارہ ہے یعنی اس عبارت میں............ یعنی اللہ تعالیٰ کو حمد وثنا ہے جس نے پیرانہ سالی میں چار لڑکے مجھے دیئے اور اپنا وعدہ پورا کیا (جو میں چار لڑکے دوں گا) چنانچہ وہ چار لڑکے یہ ہیں: محمود احمد[۱]، بشیر احمد[۲]، شریف احمد[۳]، مبارک احمد[۴] جو زندہ موجود ہیں۔

۴۲۔ بیالیسواں نشان یہ ہے کہ خدا نے نافلہ کے طور پر پانچویں لڑکے کا وعدہ کیا تھا۔ جیسا کہ اسی کتاب مواہب الرحمٰن کے صفحہ ۱۳۹ میں اس طرح پر یہ پیشگوئی لکھی ہے:

.... یعنی پانچواں لڑکا جو چار سے علاوہ بطور نافلہ پیدا ہونے والا تھا اُس کی خدا نے مجھے بشارت دی کہ وہ کسی وقت ضرور پیدا ہوگا اور اس کے بارہ میں ایک اور الہام بھی ہوا کہ جو اخبار البدر اور الحکم میں مدت ہوئی کہ شائع ہو چکا ہے اور وہ یہ ہے کہ .... یعنی ہم ایک اور لڑکے کی تجھے بشارت دیتے ہیں کہ جو نافلہ ہوگا یعنی لڑکے کا لڑکا یہ نافلہ ہماری طرف سے ہے چنانچہ قریباً تین ماہ کا عرصہ گذرا ہے کہ میرے لڑکے محمود احمد کے گھر میں لڑکا پیدا ہوا جس کا نام نصیر احمد رکھا گیا۔ سو یہ پیشگوئی ساڑھے چار برس کے بعد پوری ہوئی۔

﴿حقیقة الوحی، روحانی خزائن جلد 22 ص 227﴾

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطبہ عیدالاضحیٰ

سیدنا حضرت خلیفة المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مورخہ 28 نومبر 2009ء کو بیت الفتوح لندن میں خطبہ عیدالاضحیٰ ارشاد فرمائیں گے۔ اس سلسلہ میں ایم ٹی اے کی خصوصی نشریات کا آغاز پاکستانی وقت کے مطابق 2:45 بجے سہ پہر ہوگا۔ خطبہ عید 3 بجے سہ پہر نشر ہوگا۔ احباب مطلع رہیں۔

نادار مریضوں کی امداد

غریب اور مستحق دل کے مریضوں کی مالی معاونت کیلئے ''نادار مریضان'' کے نام سے ایک مد قائم ہے۔ احباب جماعت اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! کیا تمہیں ایک ایسی تجارت پر مطلع کروں جو تمہیں ایک دردناک عذاب سے نجات دے گی؟

تم (جو) اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاتے ہو اور اللہ کے راستے میں اپنے اموال اور اپنی جانوں کے ساتھ جہاد کرتے ہو، یہ تمہارے لئے بہت بہتر ہے اگر تم علم رکھتے ہو۔

وہ تمہارے گناہ بخش دے گا اور تمہیں ایسی جنتوں میں داخل کردے گا جن کے دامن میں نہریں بہتی ہیں اور ایسے پاکیزہ گھروں میں بھی جو ہمیشہ رہنے والی جنتوں میں ہیں۔ یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔

(الصّف 11 تا 13)

(ایڈمنسٹریٹر طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ)

ٹینڈر برائے کھال قربانی

قربانی کی کھالوں کیلئے ٹینڈر مطلوب ہیں۔ خواہشمند حضرات اپنے ٹینڈر مورخہ 25 نومبر 2009ء کو شام چھ بجے تک دفتر صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ میں جمع کروا دیں۔ ٹینڈرز 26 نومبر کو شام چھ بجے ٹینڈر دہندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

﴿صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ ربوہ﴾

مکرم ڈاکٹر مرزا سلطان احمد صاحب

سبز درختوں سے ایندھن

اللہ تعالیٰ قرآن شریف میں فرماتا ہے
وہ جس نے سبز درختوں سے تمہارے لئے آگ بنادی۔ پس تم انہی میں سے بعض کو جلانے لگے
(سورۃ یٰس:81)

تاریخ میں ہمیشہ سے درختوں سے آگ جلانے کا کام لیا جاتا رہاہے اور انہیں ایندھن کے طور پر استعمال کیا جاتا رہا۔لیکن وقت کے ساتھ اس استعمال میں کمی آ گئی کیونکہ سائنس کی ترقی کے ساتھ تیل پٹرول، ڈیزل اور قدرتی گیس کو ایندھن کے طور پر استعمال کیا جانے لگا۔اس قسم کے ایندھن کو سائنسی اصطلاح میں حیاتیاتی ایندھن (fossil fuel) کہا جاتا ہے۔لیکن جب ان کا مستقل استعمال کیا گیا تو یہ خدشات پیدا ہوئے کہ اب ان کے ذخائر تیزی کے ساتھ ختم ہو رہے ہیں اور اب انسان کو ایندھن اور توانائی کے لئے دوسرے ذرائع تلاش کرنے پڑیں گے۔جب اس تلاش کا سفر آگے بڑھا تو ایک بار پھر توجہ درختوں اور نباتات کی طرف مبذول ہوئی کہ ان سے نئی قسم کے ایندھن پیدا کئے جائیں جو کہ توانائی کے بحران کا حل بن سکیں۔اب اس سمت میں تحقیق بھی پہلے کی نسبت بہت آگے بڑھ چکی ہے اور اس کی بہت سی عملی صورتیں بھی سامنے آرہی ہیں۔

نباتات سے ایندھن پیدا کرنے کی دو اہم شکلیں سامنے آ رہی ہیں۔ایک تو یہ کہ ایسی فصلیں اگائی جائیں جن سے شکر (sugar) یا نشاستہ (Starch) حاصل کیا جائے۔مثلاً یہ کہ گنے اور چقندر سے شکر حاصل کی جائے یا پھر مکئی جیسی فصلوں سے نشاستہ حاصل کیا جائے اور پھر خمیر کے عمل سے ان سے Ethanol حاصل کیا جائے۔دوسری صورت یہ ہے کہ کھانے والا تیل حاصل کیا جائے مثلاً پام آئل (Palm Oil) لے کر اسے گرم کیا جائے۔اس عمل سے اس کا گاڑھاپن کم ہو جائے گا اور پھر اسے ڈیزل کے انجن میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔یا پھر لکڑی سے ethanol اور methanol کو حاصل کیا جا سکتا ہے۔یا پھر فصلوں کے اس حصے سے جو کھانے کے کام نہیں آتے یا دوسرے الفاظ میں cellulose سے بھی Ethanol حاصل کیا جا سکتا ہے۔

یورپ میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والا حیاتیاتی ایندھن یعنی Biofuel وہ ڈیزل ہے جو کہ کھانے والے تیل اور چکنائی سے حاصل کیا جاتا ہے۔اسے بایو ڈیزل (Biodiesel) کہا جاتا ہے۔یہ ڈیزل سویابین، سرسوں، تل، سورج مکھی اور پام سے تیار ہونے والے تیل سے حاصل کیا جاتا ہے۔اب جو بہت سی کمپنیاں کاروں کے انجن تیار کر رہی ہیں ان میں بایو ڈیزل کی 15 فیصد مقدار دوسرے ڈیزل کے ساتھ مل کر استعمال کی جا سکتی ہے۔لیکن اب ایسے انجن بھی مارکیٹ میں آنے لگے ہیں جن میں سو فیصد بایو ڈیزل بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔اسی طرح پٹرول کی جگہ استعمال ہونے کے لئے Ethanol اور propanol اور Butanol بھی حیاتیاتی مادہ سے تیار کیا جا رہا ہے۔برازیل میں Ethanol کو بطور حیاتیاتی مادہ کے استعمال کیا جاتا ہے۔

اس موضوع پر پوری دنیا میں مختلف زاویوں سے اظہار خیال کیا جا رہا ہے۔مشہور سائنسی جریدے Scientific American کے جون 2009ء کے شمارے میں اس موضوع پر ایک مضمون Biofuel beyond grassoline corn کے نام سے شائع ہوا۔اس میں سب سے پہلے اس خیال کا اظہار کیا گیا تھا کہ امریکہ کے لئے اب یہ ضروری ہے کہ وہ تیل پر اپنا انحصار ختم کرے۔یہ اس کی قومی، اقتصادی اور ماحولیاتی حفاظت کے لئے ضروری ہے۔پھر اس مضمون میں یہ تفاصیل بیان کی گئی تھیں کہ پہلی نسل کے نباتاتی ایندھن (Biofuel) تو کھانے والی اشیاء مثلاً مکئی، سویابین، گنے وغیرہ سے حاصل کئے جاتے ہیں۔اور دوسری نسل کے نباتاتی ایندھن تو Cellulose سے حاصل کئے جاتے ہیں۔انہیں عرفِ عام میں Grassoline کہا جاتا ہے۔اس قسم کے نباتاتی ایندھن کو بچی کھچی لکڑی، لکڑی کے برادے، گندم کے بھوسے سے اور مکئی کے سرکنڈوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔اسی طرح اسے تیزی سے بڑھنے والی گھاس سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ایک اندازہ کے مطابق صرف امریکہ میں اس طریق پر سو بلین Grassoline حاصل کیا جا سکتا ہے۔اس مضمون کے مصنفین کے مطابق نباتاتی ایندھن کے حصول کے لئے جو Refineries لگائی جائیں گی ان پر ابتدائی خرچ تو بہت ہوگا لیکن اس صنعت کو جو خام مال درکار ہوگا وہ خام تیل کی نسبت بہت سستا ہوگا۔توانائی کے متبادل ذرائع کے حصول کی دوڑ اب بہت اہمیت اختیار کر چکی ہے۔اس سال امریکی صدر نے نباتاتی ایندھن کی تحقیق کے لئے آٹھ سو ملین ڈالر کی رقم منظور کی ہے۔اگلے پانچ سے پندرہ سال کے درمیان نباتاتی ایندھن کی تیکنیک کی بہت سی پیش رفت لیبارٹریوں سے نکل کر مارکیٹ تک پہنچ جائے گی۔

نباتاتی ایندھن کو رواج دینے کے بارے کئی خدشات بھی موجود ہیں۔جن میں سے ایک بڑا خدشہ یہ ہے کہ اگر قابلِ زراعت اراضی کا ایک بڑا حصہ ایسی فصلیں اگانے کے لئے استعمال ہونے لگا جن سے نباتاتی ایندھن تیار کرنا مقصود ہو تو اس سے دنیا میں خوراک کی قیمتوں میں بہت اضافہ ہو جائے گا۔اور اس سے دنیا کی غریب آبادی سب سے زیادہ متاثر ہوگی اور فصلوں کا جو حصہ مثلاً گندم کا بھوسہ وغیرہ بھی جو براہِ راست انسانوں کے کھانے کے کام نہیں آتے۔انہیں جانوروں کو کھلایا جاتا ہے اور انسانی آبادی ان جانوروں کا گوشت کھاتی ہے۔اس طرح اس قسم کے ایندھن کو رواج دینے کا نتیجہ یہ ہوگا کہ دنیا میں غریب آبادی کو خوراک کے حصول میں مشکلات میں بہت اضافہ ہو جائے گا۔

Scientific American کے اس مضمون کے ایک مصنف پروفیسر بروس ڈیل (Bruce Dale) بھی تھے جو کہ جریدے Biofuel کے ایڈیٹر ہیں اور مشی گن یونیورسٹی میں پروفیسر ہیں۔اور وہ اس قسم کے ایندھن کو فروغ دینے کی مہم میں پیش پیش ہیں۔میں نے ان خدشات کے بارے میں ان کی رائے جاننے کے لئے ان سے رابطہ کیا تو ان کا جو جواب موصول ہوا اس کا ترجمہ ہے۔

میں خوراک اور ایندھن کی کمی کے مسئلہ سے بھرپور طریق پر آگاہ ہوں اور اس کو حل کرنے کے لئے اپنی پوری کوشش کر رہا ہوں۔ہماری سوچ کے انداز کے بارے میں دو مقالے منسلک ہیں۔ہماری سوچ یہ ہے کہ جانوروں کی خوراک تیار کرنے کے طریق کی صلاحیت میں اضافہ کیا جائے۔یہ صورتِ حال سامنے آتی ہے کہ دنیا کی اراضی کا زیادہ تر حصہ انسانوں کو کھلانے کی بجائے جانوروں کو کھلانے کے کام آتا ہے۔Biofuel کی تیاری کے لئے ضروری ہے کہ جانوروں کو کھلانے کے طریق کو بہتر بنایا جائے۔اوسطاً ہر انسان کے لئے دنیا میں موجود خوراک میں پوری دنیا میں اضافہ ہی ہوا ہے حتیٰ کہ افریقہ کا وہ علاقہ جو صحارا سے جنوب میں ہے اس میں ہر شخص کے لئے موجود خوراک کی اوسط میں اضافہ ہوا ہے۔اس کے لئے منسلک مقالہ کو دیکھیں۔خوراک سے پیدا ہونے والے مسائل میں مٹاپا سرِفہرست ہے۔شاید Biofuel کی تیاری اتنا بڑا مسئلہ نہیں، لیکن ہم ایک ایسی دنیا میں رہتے ہیں جس میں ہم وافر خوراک ہونے کے باوجود اس بات کو گوارا کر لیتے ہیں کہ ہم میں سے کچھ بھوکے رہ جائیں اور اس کے بارے میں کوئی موثر قدم نہیں اُٹھایا جاتا۔میرا ایمان ہے کہ میں ایک دن خدا کو جواب دوں گا کہ میں نے اپنے جیسے انسانوں سے کیسا سلوک کیا ہے۔براہ مہربانی اس بات کی تسلی رکھیں کہ آپ نے جن مسائل کا ذکر کیا ہے میں ان کے بارے میں بہت فکر مند ہوں اور اس بارے میں جو کچھ کر سکتا ہوں کر رہا ہوں۔تاہم یہ بات بھی درست ہے کہ پٹرولیم پر ہمارا انحصار بہت سے مسائل کو جنم دے رہا ہے جن کو حل کرنا ضروری ہے۔

یہ ان کی رائے ہے اور اس میں کئی اہم نکات اُٹھائے گئے ہیں۔آئندہ کیا صورتِ حال سامنے آتی ہے اس کا جواب تو آئندہ آنے والا وقت ہی دے گا۔لیکن یہ امر قابلِ ذکر ہے کہ جس آیتِ کریمہ کا ہم نے مضمون کے شروع میں حوالہ دیا ہے اس میں درختوں سے ایندھن بنانے کا ذکر ہے۔اب بھی پام اور ناریل جیسے درختوں کو نباتاتی ایندھن بنانے کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے۔ممکن ہے کہ مستقبل میں ایسی صورتِ حال سامنے آئے کہ فصلوں سے زیادہ درختوں سے حاصل ہونے والے نباتاتی ایندھن کو زیادہ استعمال کیا جائے۔

پاکستان نے ہاکی میں پہلا طلائی تمغہ جیتا

اولمپکس اور پاکستان کا نام آئے تو ذہن میں ایک کھیل کا نام ابھرتا ہے اور وہ کھیل ہے ہاکی۔ جس میں پاکستانی ٹیم نہ صرف یہ کہ یہ ایک طویل عرصے تک چھائی رہی۔ بلکہ اس نے تین طلائی تمغے، تین چاندی کے تمغے اور ایک کانسی کا تمغہ حاصل کیا۔

اولمپکس اور پاکستان کا یہ ساتھ 1948 ء میں شروع ہوا تھا اور شروع سے اس کی کارکردگی خاصی بہتر رہی تھی۔لیکن 1956 ء کے اولمپکس کھیلوں میں جب پاکستان نے پہلی مرتبہ چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔اہل پاکستان کے حوصلے بہت بلند ہو گئے اور وہ سونے کے تمغے کے حصول کا خواب دیکھنے لگے۔

پھر 1960ء آیا۔ پاکستان اور ہاکی کے حوالے سے ایک تاریخی سال۔ اس سال اولمپک مقابلے اٹلی کے تاریخی شہر روم میں منعقد ہوئے تھے۔ان اولمپکس میں پاکستانی ٹیم کی قیادت کے فرائض میجر حمیدی نے انجام دیئے۔مینیجر علی اقتدار شاہ دارا تھے اور کوچ نیاز خان۔ جب کہ دیگر کھلاڑیوں میں چودھری غلام رسول، عبدالرشید، بشیر احمد، منظور عاطف، انوار احمد خان، حبیب اللہ کڈی، نور عالم، کرنل ظفری، عبدالوحید، مطیع اللہ، نصیر بندہ، مشتاق احمد، منیر احمد ڈار اور خورشید اسلم شامل تھے۔

پاکستان نے اپنے پول میچوں میں کوارٹر فائنل میں اور سیمی فائنل میں پے در پے فتوحات حاصل کیں اور فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کر لیا۔ جہاں اس کا مقابلہ گزشتہ بتیس برس سے اولمپک چیمپیئن بھارت سے ہوا۔

لیکن حوصلے بلند ہوں تو کوئی بڑی سے بڑی رکاوٹ بھی راستہ نہیں روک سکتی اور یہی اس فائنل میچ میں بھی ہوا۔ جس میں پاکستان نے بھارت کو ایک، صفر سے شکست دے کر اولمپکس میں پہلا طلائی تمغہ جیتنے کا اعزاز حاصل کر لیا۔ پاکستان کا یہ واحد اور فیصلہ کن گول لیفٹ ان نصیر بندہ نے کیا تھا۔

یہ تاریخی واقعہ 9 ستمبر 1960ء کو پیش آیا تھا۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ‹ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ‹ مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت 5 روپے

قلب یورپ میں سچائی کا نقیب

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

کی مصروفیات اور معمولات کا آنکھوں دیکھا حال

عبدالسمیع خان۔ایڈیٹر الفضل

یہ مضمون حضور انور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی نظر ثانی کے بعد شائع کیا جا رہا ہے

مجلس انصاراللہ پاکستان کی نمائندگی میں جلسہ سالانہ یو۔کے کے لئے اپلائی کئے جانے والا ویزہ 9 جولائی 2009ء کو ایشو ہو چکا تھا مگر ناگزیر وجوہات کی بنا پر پاسپورٹ مجھے 27 جولائی 2009ء کو ملا۔اس طرح کی مجبوریوں سے ہم 7 لوگ جلسہ سالانہ میں شمولیت سے محروم رہ گئے۔مگر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے انتہائی شفقت سے فرمایا کہ آپ لوگ نصف رمضان کے بعد ایک ماہ کے لئے لندن آجائیں اور عید کے بعد مجلس خدام الاحمدیہ اور انصاراللہ یو۔کے کے اجتماع میں شریک ہو جائیں۔

جانے سے کچھ دن قبل حضور انور ایدہ اللہ نے فرمایا کہ اگر عید الفطر اپنے اہل وعیال کے ساتھ منانا چاہیں تو اس کی بھی اجازت ہے۔عید کے بعد ایک ماہ کے لئے لندن ٹھہر سکیں گے۔

اس ارشاد کے موصول ہونے پر سب نے بیک زبان کہا کہ گھر والوں کے ساتھ عیدیں تو مناتے ہی رہتے ہیں اصل عید تو امام وقت کے ساتھ ہوتی ہے۔ سب کے اہل وعیال نے بھی اس فیصلہ کی خوشدلی سے تائید کی اور ہم لوگ 2 حصوں میں تقسیم ہو کر 10,8 ستمبر کو لندن پہنچ گئے۔مکرم سید منصور احمد شاہ صاحب نائب امیر صاحب یو۔کے بنفس نفیس موجود تھے اور رہائش کا انتظام بیت الفضل لندن کے عین سامنے گیسٹ ہاؤس نمبر 53 میں تھا۔ ایک ماہ کا قیام تھا مگر بعض احباب کی درخواست پر حضور نے ان کو بھی اور دیگر احباب کو بھی 15 دن مزید قیام کا موقع عطا فرمایا۔

قریباً ڈیڑھ ماہ کے اس عرصہ میں ہم نے اپنے محبوب امام سے جو محبت اور شفقت پائی وہ توقعات سے بہت بڑھ کر تھی۔ہمیں جلسہ سالانہ کے مہمانوں کی طرح نہایت عزت و احترام سے رکھا گیا۔ مہمان نوازی کے تمام تقاضے پورے کئے گئے۔متعدد جماعتی پروگراموں میں شرکت کی سعادت ملی اور جلسہ سالانہ سے محرومی کا احساس بہت حد تک زائل ہو گیا۔

یہاں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ وفد کے نام درج کر دیئے جائیں۔

1۔مکرم عبدالرزاق بٹ صاحب نمائندہ صدر انجمن احمدیہ

2۔مکرم بشیر احمد صاحب نمائندہ صدر انجمن احمدیہ

3۔مکرم حمید افضل صاحب نمائندہ وقف جدید

4۔مکرم محمد احمد فہیم صاحب نمائندہ وقف جدید

6,5۔مکرمہ امۃ النصیر حبیب صاحبہ نمائندہ لجنہ پاکستان مع خاوند مکرم حبیب اللہ باجوہ صاحب

7۔خاکسار عبدالسمیع خان نمائندہ مجلس انصاراللہ پاکستان

خاکسار اس مضمون میں حضرت اقدس کی مصروفیات اور عنایات سے متعلق ایک طائرانہ جائزہ پیش کرنا چاہتا ہے جس کو ہم نے خود مشاہدہ کیا۔

امامت نماز

بیت الفضل لندن میں حضور اقدس پانچوں وقت نماز با جماعت کی امامت کراتے ہیں۔نماز فجر اور نماز عشاء کی رکعات میں عام طور پر ایک ایک رکوع کی اور نماز مغرب میں چھوٹی سورتوں کی تلاوت کرتے ہیں حضور نماز کی پابندی اور وقت کا بہت اہتمام کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور اگر مختصر سفر بھی ہو تو پروگرام اس طرح ترتیب دیتے ہیں کہ نماز کے وقت بیت الفضل پہنچ سکیں۔بعض اوقات مغرب کے بعد بیت الفتوح کے احاطہ میں شادی یا کسی اور فنکشن میں تشریف لے جائیں تو عشاء کی نماز وہیں پڑھاتے ہیں۔حضور نماز کے بعد کچھ دیر کے لئے تشریف رکھتے ہیں اور ذکر الٰہی کرتے ہیں اور تمام احباب بھی سکون کے ساتھ دعاؤں میں مشغول رہتے ہیں۔

بہت سے احباب جائے نماز دعا کے لئے دفتر میں جمع کروا دیتے ہیں جو مختلف نمازوں کے وقت بچھا دی جاتی ہے اور اس طرح ایک متبرک جائے نماز ان کے لئے نمازوں اور دعاؤں کی یاد دہانی اور قبولیت کا موجب بنتی رہتی ہے۔

خطبہ جمعہ

ہر جمعہ کو تمام عالم احمدیت سے براہ راست مخاطب ہونا حضور کے فرائض میں سے ایک اہم فریضہ ہے۔بیت الفضل سے بیت الفتوح قریباً نصف گھنٹے کی ڈرائیو پر ہے۔جماعتی اور عالمی حالات پر ایک گھنٹے کے اندر جامع تبصرہ کرتے ہوئے جماعت اور دیگر سننے والوں کو ایم ٹی اے کے ذریعہ پُرمغز نصائح کرنا 1993ء سے ایک معمول کا درجہ رکھتا ہے۔لیکن اس کے لئے حضور کو جو تیاری کرنی پڑتی ہے اس کا اندازہ کوئی دیکھنے والی آنکھ ہی کرسکتی ہے۔دنیا میں کوئی اور ایسا امام نہیں جو ہر ہفتے اپنے مقتدیوں سے براہ راست مخاطب ہوتا ہو۔جس کا ہر لفظ قلمبند کیا جاتا ہو اور جس پر عمل کرنا اس قوم کی زندگی کی نشانی ہو۔یہ اعزاز آج دنیا میں صرف جماعت احمدیہ کے امام کا ہے۔

حضور کا ہر خطبہ اور خطاب قلمبند کئے جانے کے بعد نظر ثانی کے لئے حضور اقدس کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے اور حضور کی نظر ثانی کے بعد اشاعت سے آراستہ ہوتا ہے۔

حضور کے خطبات کے Live تراجم کے علاوہ دوبارہ خطبہ سن کر بعض زبانوں میں احتیاط سے تفصیلی ترجمہ کیا جاتا ہے اور اشاعت کے لئے بھی تیار کیا جاتا ہے جو دنیا کے مختلف خطوں میں اخبارات و رسائل کی زینت بنتا ہے۔

حضور کے مبارک وجود کو بغیر واسطہ کے خطبہ کے وقت دیکھنے اور ایم ٹی اے پر خطبہ دیکھنے میں بہت فرق ہے۔حضور کو بیت الفتوح میں داخل ہوتے ہوئے دیکھنا، حضور کا سلام کرنا، پھر خطبہ کے لئے اٹھنا اور بیٹھنا، علم و عرفان کے موتی بکھیرتے ہوئے سننا، یہ سارے دل موہ لینے والے مناظر ہیں جن کے ساتھ نورانی تجلیات ہوتی ہیں جن کا ایک عکس ایم ٹی اے دکھاتا ہے۔ اگر گھروں میں بیٹھے ہوئے لوگ نیک جذبات محسوس کرتے ہیں تو بیت الفتوح کے اندر موجود لوگ اس سے بہت زیادہ پاک تبدیلیوں کے عمل سے گزر رہے ہوتے ہیں۔

خاکسار بھی ایک جمعہ پر اجازت لے کر حضور کے قافلہ کے ساتھ گیا اور واپس آیا۔ یہ ایک بہت خوشکن تجربہ تھا۔ جو لوگ بیت الفتوح نہیں جاسکتے وہ بیت الفضل میں مقامی امام کے پیچھے نماز جمعہ ادا کرتے ہیں اور یہ عمل حضور کے خطبہ جمعہ کے Live نشر ہونے کے بعد ہوتا ہے۔اس لئے جتنی دیر میں حضور بیت الفضل واپس پہنچتے ہیں یہاں احباب نماز پڑھ کر حضور کے استقبال کے لئے کھڑے ہوتے ہیں اور ہاتھ ہلا کر بلند آواز سے سلام کہہ کر اپنے آقا کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ یہ بہت دلآویز منظر ہوتا ہے۔

درس قرآن و حدیث

رمضان میں عصر کی نماز کے بعد حضور کی ہدایت پر روزانہ مربیان سلسلہ بیت الفضل میں قرآن کریم کے ایک ایک پارہ کا درس دیتے تھے جو افطاری سے 10 منٹ قبل ختم ہوتا تھا پھر تمام احباب کو جماعت کی طرف سے افطاری پیش کی جاتی تھی اور 10 منٹ بعد حضور مغرب کی امامت کراتے تھے۔جس کے بعد کھانا کھایا جاتا تھا۔

رمضان میں فجر کے بعد امام عطاء المجیب راشد صاحب حدیث کا درس دیتے تھے۔

آخری عشرہ میں حضور کی ہدایت پر خاکسار کو بیت الفضل میں نماز فجر کے بعد درس حدیث دینے کی توفیق ملی جس کے عناوین حضور انور نے خود تجویز فرمائے تھے۔ یعنی اطاعت، عائلی زندگی، قناعت۔

درس کا دورانیہ 10 منٹ تھا۔حضور کے ارشاد پر ان کی ریکارڈنگ بھی ہوتی رہی۔ریکارڈنگ کے لئے جو 3 رضا کار آتے تھے خاکسار نے دیکھا کہ وہ چھوٹی عمر کے تھے اور قریباً نصف گھنٹے کا سفر کر کے نداء فجر کے وقت بیت الفضل میں پہنچ کر کیمرے سیٹ کر لیتے تھے۔ یہ بھی خلافت کی برکت ہے جس نے ان نوخیز دلوں میں خدمت دین کے جذبے کوٹ کوٹ کر بھر دیئے ہیں۔

حضور نے 29 رمضان کو ظہر سے قبل قرآن کی آخری 4 سورتوں کا درس ارشاد فرمایا جو Live نشر کیا گیا اور قریباً 2 گھنٹے جاری رہا۔جس کے بعد حضور نے دعا کرائی۔ یہ ایک پُرمعارف درس تھا اور خاکسار نے کئی نوجوانوں سے سنا کہ حضور نے ہمارے ذہنوں میں پیدا ہونے والے کئی سوالوں کے جواب عطا فرما دیئے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے بیت الفضل لندن مرکز توحید ہے۔ نمازوں کے وقت چھلک جاتی ہے۔ خصوصاً رمضان میں تو اور ہی عالم تھا۔بیت الفضل کے علاوہ نصرت ہال (جس میں خواتین نماز پڑھتی ہیں) اور محمود ہال بھر جاتا تھا۔ بلکہ کھلے میدان میں بھی صفیں بچھ جاتی تھیں اور بیت الفضل کے اطراف کی سڑکیں احمدی کاروں سے بھر جاتی تھیں۔

7/احباب کو بیت الفضل میں اعتکاف کرنے کی توفیق ملی۔ یہ سارے نوجوان تھے جو نوجوانوں کی نیک تربیت کی نمائندگی کرتے تھے۔

عید الفطر

22 ستمبر کو عید الفطر تھی۔ حضور نے بیت الفتوح میں نماز پڑھائی اور خطبہ دیا۔ دعا کے بعد پہلے خواتین کی طرف تشریف لے گئے پھر واپس مردانہ حصے میں آئے اور مصافحہ شروع کیا۔اس دن حضور نے قریباً 5

ہزار افراد سے مصافحہ فرمایا۔ جس میں ڈیڑھ گھنٹے کے قریب وقت لگا۔ جس کے بعد حضور نے نماز ظہر وہیں پڑھائی اور پھر واپس تشریف لے گئے۔

اس کے فوراً بعد حضور کی طرف سے دعوت کا اہتمام تھا جس کے لئے گیسٹ ہاؤس 53 کے عقب میں مارکی لگائی گئی تھی۔ اس میں افراد خاندان حضرت مسیح موعود، بعض مرکزی اور نیشنل عہدیداروں کے علاوہ ہمارا قافلہ نیز کئی ممالک اور ہر طبقہ کی نمائندگی تھی۔ 300 سے زائد مردوزن نے اس میں شرکت کی۔ اس کے منتظم مکرم مبارک احمد ظفر صاحب ایڈیشنل وکیل المال لندن تھے۔ حضور انور قریباً ایک گھنٹہ تشریف فرما رہے اور مشتاقان دید اپنی پیاس بجھاتے رہے۔

اسی دن عصر کے بعد حضور اسلام آباد تشریف لے گئے۔ سب باسیوں سے ملے، بعض گھروں میں بھی گئے۔ بچوں کو چاکلیٹ اور تحائف دیئے اور اپنی مسکراہٹ سے نوازا۔

حضور انور کی ڈاک

حضور ایدہ اللہ کی ڈاک کا نظام بھی کارخانہ احمدیت کی ایک لہلہاتی اور پھلوں سے لدی ہوئی شاخ ہے۔ جماعت احمدیہ 193 ممالک میں قائم ہے۔ ان کی دفتری ڈاک کے علاوہ حضور کی خدمت میں روزانہ ایک ہزار کے قریب خطوط موصول ہوتے ہیں جو اردو کے علاوہ کئی زبانوں میں ہوتے ہیں۔ ان کے تراجم ہوتے ہیں۔ پھر حضور کی ہدایت کا ترجمہ کر کے دوبارہ حضور کے دستخطوں کے لئے پیش کئے جاتے ہیں۔

دفتر پرائیویٹ سیکرٹری کا عملہ بہت مختصر ہے۔ ایک بہت بڑا حصہ رضا کار مردوزن نے سنبھالا ہوا ہے۔ بعض احباب اپنے روزگار کے علاوہ باقی اوقات پیش کرتے ہیں۔ جامعہ احمدیہ کے بعض طلباء بھی فارغ اوقات میں حاضر ہوتے ہیں اور یہ سب مل کر پرائیویٹ سیکرٹری صاحب کا بوجھ بٹاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزا دے۔

(حضور کی ڈاک کے متعلق خاکسار کا ایک تفصیلی مضمون الفضل 30 اکتوبر 2009ء میں شائع ہو چکا ہے)

خاکسار بھی ایک دن پرائیویٹ سیکرٹری صاحب کے دفتر میں ظہر سے قبل موجود تھا کہ حضور نے کسی کام سے درمیانی دروازہ کھولا اور کوئی بات دریافت فرمائی اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے خاکسار نے بھی مصافحہ کی سعادت حاصل کر لی۔

متعدد لوگوں نے مجھے حضور کی قبولیت دعا کے غیر معمولی واقعات سنائے جو سیر یا سفر پر ہونے کی وجہ سے میں لکھ تو نہیں سکا مگر خدا کی اس ازلی سنت پر یقین بڑھا کہ جسے خدا خلیفہ بناتا ہے اس کی دعاؤں کی قبولیت بھی بڑھا دیتا ہے اور ہر مخلص احمدی یہ نظارہ اپنی ذات اور گھر میں دیکھتا ہے۔

ملاقاتیں

حضور کی مصروفیات کا ایک حصہ ملاقات کے نام سے معروف ہے۔ عام طور پر حضور ظہر سے قبل دفتری ملاقات اور عصر سے مغرب تک پرائیویٹ ملاقاتیں کرتے ہیں۔ بہت سے ممالک سے آنے والے غیراز جماعت دانشور، صحافی، اسمبلی کے ممبران وغیرہ بھی حضور سے مل کر راہنمائی حاصل کرتے ہیں۔

عصر کی نماز کے بعد آنے والے تمام ملاقاتیوں کو حضور کی طرف سے چائے پیش کی جاتی ہے۔ حضور سب سے اٹھ کر ملتے ہیں۔ مسائل سنتے ہیں۔ دعا کرتے ہیں سب کے دکھ اپنے سینے میں سموتے ہیں۔ راہنمائی فرماتے ہیں۔ تحائف سے نوازتے ہیں۔ تصاویر بنواتے ہیں۔ اس کے بعد دفتر پرائیویٹ سیکرٹری سب کو تصویر مع نیگیٹو بھجواتا ہے۔

عام ملاقات کے ایام میں حضور کے ارشاد کے مطابق جامعہ کے 3 طلباء باری باری حاضر ہوتے ہیں۔ جو حضور کی دعائیں اور راہنمائی لے کر دمکتے چہروں کے ساتھ باہر نکلتے ہیں۔

ہمیں بھی حضور نے تین دفعہ اپنے دفتر میں شرف ملاقات بخشا۔ خاکسار جس دن پہنچا اسی شام کو حضور نے ملاقات کی اجازت عطا فرمائی۔ باقی احباب کی اگلے دن ملاقات ہوئی۔ دوسری ملاقات حضور کے ارشاد پر 13 اکتوبر کو ہوئی اور الوداعی ملاقات 22 اکتوبر کو ہوئی کیونکہ اگلے روز حضور چند دن کے لئے لندن سے باہر تشریف لے جارہے تھے۔

ان ملاقاتوں میں سب سے حضور نے حال احوال دریافت فرمایا جس دفتر یا شعبہ سے تعلق رکھتے تھے اس کے متعلق پوچھا۔ ہدایات دیں سیر کے متعلق پوچھا۔ ہم مادام تساؤ کے میوزیم کی سیر نہیں کر سکے تھے حضور نے متعلقہ دفتر کو انتظام کرنے کا ارشاد فرمایا۔

خاکسار مجلس انصاراللہ پاکستان میں قائد تعلیم القرآن و وقف عارضی ہے۔ حضور سے انصاراللہ کی رپورٹ عرض کر کے دریافت کیا کہ موجودہ ملکی حالات میں احباب گھر سے 15 دن باہر رہنے میں دقت محسوس کرتے ہیں تو فرمایا کہ بے شک زیادہ دور نہ جائیں۔ قریبی جماعتوں میں جاسکتے ہیں اور ضرورت ہو تو رات کو واپس آجائیں۔

خاکسار نے عرض کیا کہ الفضل کے متعلق کوئی ہدایت؟ تو فرمایا ٹھیک ہے احتیاط کریں اور ملاقات سے واپسی پر پھر زیادہ احتیاط کرنے کا ارشاد فرمایا۔

میرے والد صاحب بیمار ہیں ان کے لئے دوائی تجویز فرمائی۔ میرے اہل وعیال کے لئے تحائف عطا فرمائے۔ خاکسار نے کچھ پین دعا کے لئے پیش کئے تو ایک مٹھی بھر کر اور عطا فرمائے۔

اس کے علاوہ ہماری قیام گاہ پر بھی کئی دفعہ حضور کی زیر ہدایت پرائیویٹ سیکرٹری صاحب نے مٹھائی، چاکلیٹ اور عید کے موقعہ پر کیک وغیرہ بھجوائے۔ اس کے علاوہ مکرم امیر صاحب اور امام صاحب نے کھانے اور ناشتہ پر بلایا اور تحائف سے نوازا۔

اجتماع خدام الاحمدیہ یو۔کے

25 تا 27 ستمبر 2009ء کو اسلام آباد میں خدام و اطفال یو۔کے کا سالانہ اجتماع تھا۔ 26 ستمبر کو مغرب کے بعد باربی کیو کا پروگرام تھا۔ 13 ریجنز کے خدام نے اپنے اپنے انتظامات کئے تھے۔ حضور انور پہلے ہر سٹال پر تشریف لے گئے اور تھوڑا تھوڑا چکھ کر حوصلہ افزائی فرمائی۔ ہر جگہ سے پُرمسرت نعرے بلند ہو رہے تھے۔ آخر پر حضور مرکزی میز پر رونق افروز ہوئے۔ خدام وہاں بھی اپنے کباب اور کھانے لا کر پیش کرتے رہے اور تبرک لے کر جاتے رہے۔ یہ سارے مناظر بہت ہی والہانہ محبت کے آئینہ دار تھے۔ مجھے بھی حضور کے قریب بیٹھنے کی سعادت ملی۔

اجتماع کے آخری دن حضور نے ظہر کے وقت خدام کی کھیلیں دیکھیں۔ Clay Pigeon Shooting میں حضور نے خصوصی دلچسپی لی۔ ایک مشین مٹی کی ایک چھوٹی سی پیالی یا دو پیالیاں اڑاتی ہے جسے اڑتے اڑتے نشانہ بنایا جاتا ہے۔ حضور کافی دیر یہاں تشریف فرما رہے اور بعض کو نشانہ بازی کے متعلق ہدایات بھی دیتے رہے۔

نماز ظہر و عصر کے بعد حضور نے انعامات تقسیم کرنے کے بعد اجتماع سے اختتامی خطاب فرمایا حاضری 2200 کے قریب تھی۔ صدر مجلس خدام الاحمدیہ ٹوسی کالون صاحب سیرالیون کے ہیں۔

اجتماع لجنہ وانصاراللہ یو۔کے

2 تا 4 اکتوبر اسلام آباد میں انصاراللہ اور لجنہ یو۔کے کا اجتماع تھا۔ حضور انور اجتماع کے دوسرے دن نماز مغرب سے قبل اسلام آباد تشریف لے آئے۔ آخری دن قبل دوپہر حضور نے لجنہ سے اختتامی خطاب فرمایا جو انصاراللہ کی مارکی میں بھی سنا گیا۔ اس کے بعد حضور نے انصار کی کھیلیں رسہ کشی اور والی بال ملاحظہ فرمائیں۔ 4 بجے حضور نے انصاراللہ میں تقسیم انعامات کے بعد اختتامی خطاب فرمایا۔ اس طرح ایک دن میں حضور کے دو خطابات سے جلسہ سالانہ کا سا منظر پیدا ہو گیا۔ انصار کے اجتماع میں حاضری 1400 تھی مہمان اس کے علاوہ 500 کے قریب تھے۔

خاکسار کو بھی حضور کی منظوری سے تیسرے دن کے صبح کے اجلاس کی صدارت اور سیرت النبیؐ پر تقریر کی توفیق ملی۔

ایم ٹی اے کی نگرانی

حضور ایدہ اللہ کی مصروفیات کا ایک حصہ ایم ٹی اے کے نظام کی براہ راست نگرانی بھی ہے۔ حضور انور مسلسل اس کے پروگراموں کو مانیٹر کرتے اور دنیا کے بدلتے ہوئے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لئے راہنمائی فرماتے ہیں۔

دعوت الی اللہ کے پروگراموں کے سلسلہ میں حضور کی ہدایت پر اردو، عربی اور بنگلہ میں Live سوال وجواب کے پروگرام شروع ہو چکے ہیں اور ان کے اچھے آثار نظر آنا ظاہر ہونا ہوگئے ہیں۔

حضور ایم ٹی اے کے کارکنوں کی دلجوئی کے لئے وقفہ وقفہ سے ان کے ساتھ رونق افروز ہوتے ہیں۔ 17 اکتوبر 2009ء کو ایم ٹی اے کا سالانہ ڈنر بیت الفتوح کے طاہر ہال میں ہوا۔ جس میں حضور نے تحائف تقسیم فرمائے اور مبارک صدیقی صاحب کی چند سنجیدہ اور مزاحیہ غزلوں کے بعد حضور نے کھانا تناول فرمایا۔

حضور کی اجازت سے خاکسار بھی راہ ھدیٰ کے ایک Live پروگرام میں شریک ہوا۔ عید کے موقع پر احباب جماعت کو مبارکباد دی۔ ایم ٹی اے پر الفضل کے حوالہ سے ایک انٹرویو ریکارڈ کرایا۔

حضور کی صبح کی سیر

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ فجر کے بعد ومبلڈن پارک میں سیر کے لئے تشریف لے جاتے ہیں۔ یہ وہی پارک ہے جہاں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع بھی سیر کے لئے تشریف لے جاتے تھے۔

خاکسار بھی ایک دن اجازت لے کر سیر میں شامل ہوا۔ پارک بیت الفضل لندن سے 10 منٹ کی ڈرائیو پر ہے۔ واپسی تک کل ایک گھنٹہ صرف ہوا۔ حضور گرم ٹوپی، جیکٹ اور عصا کے ساتھ تشریف لائے۔ مستقل پہریداروں کے علاوہ خدام بھی حفاظت کے لئے موجود تھے اور آگے پیچھے دائیں بائیں تیزی سے چل رہے تھے۔ میں حضور کے پیچھے تھا۔ سیر کے آخری حصہ میں حضور نے مجھے قریب بلا کر فرمایا کہ اس طرف جھیل ہے جس میں بطخیں بھی ہیں اگر دیکھنا چاہو تو دیکھ آؤ۔ میں نے عرض کی کہ چند دن قبل میں یہاں سیر کر آیا ہوں اور حضور کے ساتھ ہی واپسی کی سعادت حاصل کروں گا۔

جامعہ احمدیہ کی پکنک

23 اکتوبر بروز جمعہ حضور عصر کے بعد حدیقۃ المہدی تشریف لے گئے اور 27 کو شام کے وقت واپس تشریف لائے۔ 24 اکتوبر کو جامعہ احمدیہ یو۔کے کی حدیقۃ المہدی میں پکنک تھی اور دوپہر کا کھانا حضور انور کی طرف سے تھا۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے جامعہ احمدیہ یو۔کے 11 ملکوں کے 108 طلباء اور 16 اساتذہ پر مشتمل ہے۔ نیز کارکنان اور کچھ مرکزی عہدیداران بھی تھے۔ ہم سب بھی مدعو تھے۔

اس دن صبح سے بارش ہو رہی تھی۔ خاکسار، مکرم منیر احمد صاحب جاوید پرائیویٹ سیکرٹری کے ساتھ وہاں پہنچا۔ حضور تقریباً پونے بارہ بجے باہر تشریف لائے بارش میں ہی طلباء کی کھیلیں فٹ بال والی بال رسہ کشی وغیرہ دیکھیں۔ داد دی، حوصلے بڑھائے، ایئرگن کے نشانے لگوائے۔

اس کے بعد حضور نے شیڈ کے نیچے نمازیں پڑھائیں۔ طلباء کے ساتھ کھانا تناول فرمایا۔ کھانے کے بعد حضور پھر بے تکلفی سے طلباء کے درمیان تشریف فرما رہے اور ہلکا پھلکا مزاح فرماتے رہے۔

پھر مزاحیہ پروگرام ملاحظہ کیا جس میں مزاحیہ خبریں، لطیفے، نظمیں، غزلیں، خاکے شامل تھے۔ آخر پر حضور نے مختصر خطاب فرمایا جس میں فرمایا کہ مزاح کے دوران مذہبی شعائر کی حرمت کا خیال رکھا جائے۔

نیز فرمایا مجھے خبر ملی ہے کہ کسی نے کہا ہے کہ جامعہ یو۔ کے کے طلباء جو بھی کر لیں جامعہ ربوہ سے آگے نہیں بڑھ سکتے۔ فرمایا یہ بات غلط ہے جو بھی اللہ تعالیٰ سے تعلق استوار کرے گا اور اطاعت کرے گا۔ اس کی ترقی کا راستہ کھلا ہے۔ جامعہ ربوہ میں گو زیادہ منجھے ہوئے علماء پڑھاتے ہیں مگر خدا کے نزدیک ترقی کا معیار تقویٰ اور اطاعت ہے۔

اس کے بعد حضور نے دعا کرائی اور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔ اندر جانے سے قبل حضور نے ایک بار پھر ہم سب کو شرف مصافحہ بخشا۔ اس عاجز کا ہاتھ کئی لمحے اپنے مقدس ہاتھوں میں رکھا اور دعاؤں سے نوازا۔ حضور قریباً 5 گھنٹے اہل جامعہ کے ساتھ رہے۔

اس سے جماعت کے نئے علماء اور مربیان کے تعلق میں حضور کی دلچسپی اور توجہ کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

عملہ حفاظت

حضور کا عملہ حفاظت نہایت مستعد اور چوکس خدام پر مشتمل ہے۔ افسر حفاظت مکرم میجر محمود احمد صاحب (1984ء سے عملہ حفاظت میں ہیں) نائب افسر مکرم میر محمد احمد صاحب (2005ء سے عملہ میں ہیں) اور دیگر افراد بہت ذمہ دار، خوش اخلاق اور معاملہ فہم ہیں۔ حتی المقدور قربانی کرتے، خلافت سے فیض اٹھاتے اور احباب کی راہنمائی کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی عقل و نظر میں برکت عطا فرمائے۔ ان میں رانا نعیم الدین اسیر راہ مولیٰ ساہیوال بھی ہیں۔ 1947ء سے حضرت مصلح موعود کے پہریداروں میں شامل ہوئے اور اس وقت سب سے قدیم سیکیورٹی گارڈ ہیں۔

بچوں پر شفقت

بچے اور بچیاں بھی حضور کی شفقت سے لطف اندوز ہوتے رہتے ہیں اور حضور کی واقفین و واقفات نو کے ساتھ کلاسز نشر ہوتی ہیں۔ ہماری موجودگی میں بیت الفضل لندن میں آمین کی دو تقاریب منعقد ہوئیں۔ 11/اکتوبر کو 11 بچوں اور 11 بچیوں کی آمین ہوئی اور 17/اکتوبر کو 10 بچوں اور 6 بچیوں کی آمین ہوئی۔ حضور نے سب سے قرآن سنا اور دعا کرائی۔ بچے اور ان کے والدین پھولے نہ سماتے تھے۔

یہ حضور کے چند ایام کی مصروفیات کا اچٹتا ہوا سا جائزہ ہے۔ جو ہمارے سامنے آ گیا ورنہ اس سے زیادہ مصروفیات وہ ہیں جو ہماری نظروں سے اوجھل ہیں۔ اللہ کی عبادت میں راتیں گزارنا، اس کے سامنے گریہ و زاری کر کے ہدایت اور راہنمائی مانگنا، احباب جماعت کے لئے دعائیں کرنا۔ ان کے دکھوں کو خدا کے سامنے پیش کر کے خیر چاہنا۔ دنیا کو تباہی سے بچانے کے لئے آنسو بہانا۔

دن کو تمام نظام جماعت کی نگرانی کرنا، مرکزی اور ذیلی تنظیموں کی رپورٹس باقاعدگی سے دیکھنا اور ضروری تبصرے کرنا۔ دعوت الی اللہ اور تربیتی نظام کا جائزہ لینا، نئے مشنوں اور بیوت الذکر کی تعمیر، تراجم قرآن اور دیگر لٹریچر کی تیاری، ایم ٹی اے کو ہدایات دینا، ملاقاتیں کرنا، خطوط پڑھنا اور جواب دینا، سفروں کے ذریعہ جماعت کی تربیت کرنا، دین پر ہونے والے اعتراضات کے جواب دینا اور تیار کرانا، تمام جماعتی اخبارات و رسائل ملاحظہ کرنا اور بہتر بنانے کے لئے راہنمائی کرنا، اہل خاندان اور دوستوں کے حقوق ادا کرنا۔

الغرض یہ سب تھکا دینے والے ایسے کام ہیں جو سوائے خدا کی تائید و نصرت کے ممکن نہیں اور کوئی انسان ان کا حق ادا نہیں کر سکتا جب تک خدا تعالیٰ اس کے وقت اور فہم میں برکت نہ ڈالے اور سلطان نصیر نہ عطا کرے اور خدا کا شکر ہے کہ اس نے اپنے مقرر کردہ امام کو اپنی ہدایت اور راہنمائی نصیب فرمائی ہے جس کی روشنی میں وہ جماعت کو ترقیات کی راہوں پر بڑھاتا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے قلم، اس کے قدم قدم اور نظر نظر میں نور کے چشمے بڑھاتا رہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی لندن ہجرت کے بعد سے سچائی کے حق میں ایک خاموش انقلاب کا آغاز ہو چکا ہے۔ گو دنیا کی نظروں میں بہت معمولی ہے مگر یہ کونپل خدا کے وعدوں کے مطابق مسلسل بلند ہو رہی ہے اور اپنے تنے پر مضبوط ہو رہی ہے اور ایک دن تناور درخت بنے گی۔ انشاء اللہ

مکرم رانا غلام مصطفیٰ منصور صاحب

توحید کے قیام میں بڑی روک بدعت اور رسم ہے

اللہ تبارک و تعالیٰ قرآن کریم میں ارشاد فرماتا ہے:

جو اس رسول نبی امی پر ایمان لاتے ہیں جسے وہ اپنے پاس تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں، وہ ان کو نیک باتوں کا حکم دیتا ہے اور انہیں بری باتوں سے روکتا ہے اور ان کے لئے پاکیزہ چیزیں حلال قرار دیتا ہے اور ان پر ناپاک چیزیں حرام قرار دیتا ہے اور ان سے ان کے بوجھ اور طوق اتار دیتا ہے جو ان پر پڑے ہوئے تھے۔ پس وہ لوگ جو اس پر ایمان لاتے ہیں اور اسے عزت دیتے ہیں اور اس کی مدد کرتے ہیں اور اس نور کی پیروی کرتے ہیں جو اس کے ساتھ اتارا گیا ہے یہی وہ لوگ ہیں جو کامیاب ہونے والے ہیں۔ (الاعراف: 158)

اس آیت کی تفسیر کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

یہ نبی ان باتوں کے لئے حکم دیتا ہے جو خلاف عقل نہیں ہیں اور ان باتوں سے منع کرتا ہے جن سے عقل بھی منع کرتی ہے اور پاک چیزوں کو حلال کرتا ہے اور ناپاک کو حرام ٹھہراتا ہے اور قوموں کے سر پر سے وہ بوجھ اتارتا ہے جس کے نیچے وہ دبی ہوئی تھیں اور ان گردنوں کے طوقوں سے وہ رہائی بخشتا ہے جن کی وجہ سے گردنیں سیدھی نہیں ہو سکتی تھیں، پس جو لوگ اس پر ایمان لائیں گے اور اپنی شمولیت کے ساتھ اس کو قوت دیں گے اور اس کی مدد کریں گے اور اس نور کی پیروی کریں گے جو اس کے ساتھ اتارا گیا، وہ دنیا اور آخرت کی مشکلات سے نجات پائیں گے۔

(براہین احمدیہ حصہ پنجم، روحانی خزائن جلد 21 صفحہ 420)

(پیغام صلح، روحانی خزائن جلد 23 صفحہ 477)

حضرت خلیفۃ المسیح الاول اس آیت کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

اصرھم: رسم و رواج، ویضع عنھم اور اتارتا ہے ان سے بوجھ ان کے اور پھانسیاں جو ان پر تھیں۔ (حقائق الفرقان جلد دوم صفحہ 235)

معاشرے اور قوم کے رسم و رواج ایسی پھانسیاں ہوتی ہیں جو انسان کی گردن سیدھی نہیں ہونے دیتیں عقل و شعور سے عاری کر دیتی ہیں، جس کی وجہ سے انسان گمراہی کے گڑھے میں گرتا چلا جاتا ہے اور ہر طرف اس کے لئے تاریکی چھا جاتی ہے اور انسان الٰہی نور سے محروم ہو جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور انعامات سے محروم ہو جاتا ہے، بدعات سے اجتناب کی تاکید کرتے ہوئے میرے آقا و مولا حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے جو ارشاد فرمایا، چند احادیث مبارکہ پیش کرتا ہوں۔

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

میری امت کے لوگ میرے حوض کوثر پر آویں گے اور میں لوگوں کو ہٹاؤں گا اس پر سے جیسے ایک مرد دوسرے مرد کے اونٹوں کو ہٹاتا ہے، لوگوں نے کہا یا رسول اللہ ﷺ! کیا آپ ہمیں پہچان لیں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! تمہاری نشانی ایسی ہوگی جو کسی امت کے پاس نہ ہوگی، تم آؤ گے میرے پاس سفید پیشانی اور ہاتھ پاؤں لے کر وضو کی وجہ سے اور ایک گروہ روکا جاوے گا میرے پاس آنے سے، وہ مجھ تک نہ آ سکے گا تب میں عرض کروں گا کہ اے پروردگار! یہ تو میرے لوگ ہیں اس وقت ایک فرشتہ مجھے جواب دے گا کیا آپ نہیں جانتے جو ان لوگوں نے آپ ﷺ کے بعد دنیا میں نئے نئے کام یعنی بدعات ایجاد کئے۔

(صحیح مسلم کتاب الطھارۃ باب استحباب اطالۃ الغرۃ و التحجیل فی الوضوء)

پھر ایک دوسری حدیث مبارکہ میں حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں:

ایک دن ہم لوگ رسول اکرم ﷺ کی مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ ﷺ پر ایک غنودگی سی طاری ہوئی۔ پھر مسکراتے ہوئے آپ ﷺ نے سر اٹھایا جس پر ہم نے عرض کیا، یا رسول ﷺ! آپ کس چیز پر مسکرائے؟ آپ ﷺ نے فرمایا مجھ پر ابھی ابھی قرآن کریم کی ایک سورۃ نازل ہوئی ہے چنانچہ آپ ﷺ نے سورۃ الکوثر پوری پڑھی اور فرمایا تم لوگ جانتے ہو کوثر کیا چیز ہے؟ ہم نے عرض کی کہ اللہ اور اس کا رسول ہی زیادہ جانتے ہیں، تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ کوثر ایک نہر ہے جس کا پروردگار نے مجھ سے وعدہ کیا ہے، اس میں بہت سی خوبیاں ہیں اور بروز محشر میرے امتی اس حوض کا پانی پینے کے لئے آئیں گے۔ اس حوض پر اتنے برتن ہیں جتنے آسمان میں ستارے، ایک شخص کو وہاں سے بھگا دیا جائے گا جس پر میں کہوں گا اے اللہ! یہ شخص میرا امتی ہے، اللہ تعالیٰ فرمائے گا نہیں یہ آپ کا امتی نہیں بلکہ یہ ان لوگوں میں سے ہے جنہوں نے آپ کے بعد نئے نئے کام نکالے اور بدعتیں ایجاد کیں۔

(صحیح مسلم کتاب الصلوٰۃ باب حجة من قال البسملة آية من اول كل سورة)

پھر ایک تیسری حدیث مبارکہ میں حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں:

رسول اللہ ﷺ جب خطبہ پڑھتے تو آپ ﷺ کی آنکھیں سرخ ہو جاتیں اور آواز بلند ہو جاتی اور جوش زیادہ ہو جاتا گویا وہ ایک ایسے لشکر سے ڈرانے والے ہیں کہ صبح شام آیا اور فرماتے تھے کہ میں اور قیامت یوں بھیجے گئے ہوں اور اپنی شہادت اور بیچ کی انگلی ملاتے اور کہتے کہ خدا کی حمد کے بعد جانو کہ ہر بات سے بہتر اللہ کی کتاب ہے اور ہر ہدایت سے بہتر محمد ﷺ کی ہدایت ہے اور سب کاموں سے برے نئے کام ہیں اور ہر نیا کام گمراہی ہے۔

(صحیح مسلم کتاب الجمعۃ)

ایک اور حدیث مبارکہ میں رسول کریم ﷺ کا فرمان ہے:

یقیناً سب سے سچی تعلیم اللہ تعالیٰ کی کتاب میں بیان ہوئی ہے اور سب سے بہتر ہدایت محمد ﷺ کی سنت ہے اور سب سے بُرے امور (میری سنت میں) نئی چیزیں پیدا کرنا ہے کیونکہ ہر نئی چیز بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے اور ہر گمراہی کا انجام بالآخر دوزخ ہے۔

(سنن نسائی کتاب صلوٰۃ العیدین باب کیف الخطبة)

پھر ایک اور جگہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جس نے میں کوئی اچھی روایت قائم کی تو اسے اپنے ثواب کے علاوہ ان لوگوں کا بھی ثواب

ملے گا جو اس پر عمل کریں گے، بغیر اس کے کہ ان کے ثواب میں کمی کی جائے اور جو کوئی میں بری روایت جاری کرے گا تو اسے اپنے گناہ کے علاوہ ان لوگوں کے گناہ میں سے بھی حصہ ملے گا جو اس پر عمل پیرا ہوں گے، بغیر اس کے کہ ان کے گناہوں میں کوئی کمی کی جائے۔

(مسلم کتاب الزکوٰۃ باب الحث علی الصدقة)

یعنی بدعات سب سے برے کام ہیں اور بدعات ہی گمراہی کی طرف لے جاتی ہیں، بدعات میں مبتلا ہو کر انسان اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور انعامات سے محروم ہو جاتا ہے اور ایسے حالات میں سچی توحید دنیا سے مٹ جاتی ہے اور مشرکانہ رسوم مذہب کا درجہ اختیار کر لیتی ہیں۔

پھر مولا کریم کی رحمت جوش میں آتی ہے اور اس گمراہی کو نور میں بدلنے کے لئے اور اپنی توحید کو دنیا میں قائم کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ اپنے نمائندے کو بھیجتا ہے، ان کا کام ہوتا ہے کہ وہ نور خدا یعنی سچے دین کو دنیا میں قائم کریں اور جو زائد باتیں یا غلط امور بطور رسم اور بدعت لوگ اپنی طرف سے مذہب میں شامل کر دیتے ہیں ان کو مٹا دیں، یہی کام اس زمانہ میں حضرت مسیح موعود کے سپرد ہوا۔ آپ نے تمام بدرسوم کی نشاندہی کر کے ان کے خلاف جہاد کیا یہی کام آپ کے خلفاء کا رہا اور وہ بھی اپنے اپنے زمانہ میں مروجہ رسوم و بدعات کا قلع قمع کرنے میں مصروف رہے۔

چنانچہ حضرت حافظ مرزا ناصر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثالث نے بدرسوم کے خلاف جہاد کا اعلان کرتے ہوئے 23 جون 1967ء کو بیت المبارک ربوہ میں ارشاد فرمایا:

ہماری جماعت کا پہلا اور آخری فرض یہ ہے کہ توحید خالص کو اپنے نفسوں میں بھی اور اپنے ماحول میں بھی قائم کریں اور شرک کی سب کھڑکیوں کو بند کر دیں، ہمارے گھروں میں صرف توحید کے دروازے ہی کھلے رہیں اور شرک کی سب راہوں کو ہم کلیۃً چھوڑ دیں اور توحید کی راہوں پر بشاشت کے ساتھ چلنے لگیں، ہم بھی اور ہمارے بھائی بھی اور نوع انسان کے رشتہ سے جو ہمارے بھائی ہیں وہ بھی اس توحید خالص پر قائم ہو جائیں۔

توحید کے قیام میں ایک بڑی روک بدعت اور رسم ہے، یہ ایک حقیقت ہے جس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ہر بدعت اور ہر بدرسم شرک کی ایک راہ ہے، اور کوئی شخص جو توحید خالص پہ قائم ہونا چاہے وہ توحید خالص پر قائم نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ تمام بدعتوں اور تمام بدرسوم کو مٹا نہ دے احمدی گھرانوں کا یہ فرض ہے کہ وہ تمام بدرسوم کو جڑ سے اکھیڑ کر اپنے گھروں سے باہر پھینک دیں ہر گھرانے کو یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ میں ہر گھر کے دروازے پر کھڑے ہو کر اور ہر گھرانہ کو مخاطب کر کے بدرسوم کے خلاف جہاد کا اعلان کرتا ہوں اور جو احمدی گھرانہ بھی آج کے بعد ان چیزوں سے پرہیز نہیں کرے گا اور ہماری اصلاحی کوشش کے باوجود اصلاح کی طرف متوجہ نہیں ہوگا وہ یہ یاد رکھے کہ خدا اور اس کے رسول ﷺ اور اس کی جماعت کو اس کی کچھ پرواہ نہیں ہے، وہ اس طرح جماعت سے نکال کے باہر پھینک دیا جائے گا جس طرح دودھ سے مکھی۔

پس قبل اس کے کہ خدا کا عذاب کسی قہری رنگ میں آپ پر وارد ہو یا اس کا قہر جماعتی نظام کی تعزیر کے رنگ میں آپ پر وارد ہو اپنی اصلاح کی فکر کرو اور خدا سے ڈرو اور اس دن کے عذاب سے بچو کہ جس دن کا ایک لحظہ کا عذاب بھی ساری عمر کی لذتوں کے مقابلہ میں ایسا ہی ہے کہ اگر یہ لذتیں اور عمریں قربان کر دی جائیں اور انسان اس سے بچ سکے تو تب بھی وہ مہنگا سودا نہیں سستا سودا ہے۔

(خطبات ناصر جلد اول صفحہ 758-763)

اسی طرح حضور نے 9 ستمبر 1966ء بمقام مری خطبہ جمعہ میں ارشاد فرمایا کہ:

